Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

CONFIDENTIAL

Fairfax County Public Schools

IEP Notice - Initial/Annual

URDU

تاریخ: ______________________

حوالہ: ______________________

اسکول: ______________________

آئی ڈی نمبر: ______________________

محترم ______________________ ،

معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) ، ترمیم شدہ اور وہ ضوابط ،جن کے تحت ورجینیا میں خصوصی تعلیمی پروگرام چلایا جاتا ہے، واضح کرتے ہیں کہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ہر ایک طالبعلم کے لیئے، تحریر کیا جانا چاہیئے جسے خصوص تعلیمی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) اس خصوص تعلیم اور متعلقہ سروسز کے بارے میں وہ تحریری بیان ہے جوآپ کے بچے/ بچی کو تعلیمی سال کے دوران فراہم کی جائیں گی۔ یہ قانون واضح کرتا ہے کہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ایک ایسی ٹیم تشکیل دے جس میں والدین اور اسکول کا موزوں عملہ شامل ہو ۔

اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کے بچے کی IEP میٹنگ(date)__________ کو، (time)__________ بجے، (location) __________ پر، طے کی گئی ہے ۔

اس میٹنگ کا مقصد درج ذیل تشکیل دینا ہے:

☐ ابتدائی IEP ☐ ضمیمہ IEP ☐ سالانہ IEP ☐ دیگر ______________________

اسکول کا عملہ جو اس ملاقات میں شرکت کرے گا:

☐ پرنسپل یا نامزد فرد ☐ خصوصی تعلیم ٹیچر ☐ عمومی تعلیم ٹیچر ☐ ______________________

☐ ______________ ☐ ______________ ☐ ______________

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی ٹیم کا رکن انفرادی تعلیمی پروگرام کے اس اجلاس میں، مکمل یا جزوری طور پرغیر حاضر ہو سکتا ہے، بشرطیکہ آپ اس کے لیئے، رضامند ہوں ۔ درج بالا تمام اراکین ، اگر مناسب ہو تو، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی تشکیل کے لیئے، جو آراء دے چکے ہیں ، ان کو آپ کی درخواست پر آپ کو فراہم کی جا سکتی ہیں ۔

دیگر ایسے افراد ، جو آپ کے بچے کے بارے میں علم رکھتے ہیں یا بہت اچھی طرح جانتے ہیں ، آپ یا اسکول کی صوابدید پر اجلاس میں شریک ہو سکتے ہیں۔ معلومات اور خصوصی مہارتوں کا تعین اس فریق کی جانب سے ہونا چاہیئے، جس نے ان افراد کو مدعو کیا ہے ۔

اگر آپ کے پری اسکول کی عمر کے بچے کے پاس، پہلے ہی سے انفرادی فیملی سروس پلان (IFSP) موجود ہے تو آپ کی درخواست پر، ابتدائی IEP میٹنگ میں، پارٹ C سسٹم کا رابطہ کار یا ایک نمائندہ معاونت کیلئے، بلوایا جا سکتا ہے تا کہ خدمات کی منتقلی کو، آسان بنایا جا سکے ۔

اگرآپ کے بچے کی عمر 14 سال یا اس سے زیادہ ہے (یا اگر IEP ٹیم کے تعین کے مطابق چھوٹی عمر ہے) تو اس اجلاس کا ایک اضافی مقصد اگلے مرحلے کے منصوبے پر غور کرنا ہے ۔ آپ کے بچے کو بھی اجلاس میں مدعو کیا جائے گا اوراس میں حصہ لینے کی توقع کی جائے گی ۔ اگر مناسب ہو تو آپ کی اجازت سے ، کسی ایجنسی یا ایجنسیوں کے نمائندے (نمائندوں) کو، شرکت کی دعوت دی جائے گی ۔

____

____

اگر آپ اپنے بچے کے پروگرام سے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے اجلاس میں اس پر تبادلہ خیال کیا جائے گا ۔ IEP کے ابتدائی یا سالانہ اجلاس ہونے کی صورت میں، آپ کی معلومات کے لیئے، *آپ کے گھرانے کے خصوصی تعلیم کے حقوق (ورجینیا پروسیجرل سیف گارڈز نوٹس)*، *والدین کیلئے، IEP میٹنگ کا ایجنڈا* اور *والدین کی معلومات برائے IEP فارم* کی نقول منسلک کر دی گئی ہیں ۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا ان تحفظاتی ضوابط کو، سمجھنے میں آپ کو، کوئی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی دفتر برائے حسب قانون کارروائی اور اہلیت سے، 4470-423-571 پر، رابطہ قائم کیجئیے ۔ ان دستاویزات کی اضافی نقول اسکول میں یا آن لائن یہاں دستیاب ہیں: https://www.fcps.edu/academics/special-education/forms

اگر آپ میٹنگ سے پہلے معلومات دینا چاہتے ہیں یا میری طرف سے مزید معاونت درکار ہونے کی صورت میں، براہِ مہربانی مجھ سے __________________ پر رابطہ کیجئیے ۔

مخلص ،

____

منسلکہ کاغذات

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طلباء کے تعلیمی ریکارڈ سے، معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد، اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی تحریری رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں ، جانے کی اجازت نہیں دے گا ۔